نمونہ پرچہ جانچ برائے داخلہ

: اردو   جماعت : ششم

نام :	تاریخ :
مقررہ وقت : ۳۰ منٹ	کل نشانات : ۲۰

سوال ا۔ مندرجہ ذیل عبارت بغور پڑھیے اور جہاں تک ممکن ہو سوالات کے جواب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (/۱۰)

یہ جو ہمالیہ اور شمالی علاقوں میں برف سے ڈھکے پہاڑ ہیں، بے شک یہ بڑے حسین ہیں۔ ساتھ ہی یہ بہت کام کے بھی ہیں۔ یہی اونچی چوٹیاں تو ہیں جو برسات میں مون سون ہواؤں کو سینہ تان کر روکتی ہیں تاکہ وہ سائبیریا کی طرف نہ بھاگ جائیں، اپنے ملک، اپنی وادیوں اور میدانوں میں بارش برسائیں۔ بہت سے بادل برف بن کر ان ہی کے سروں پر برس جاتے ہیں۔ یہ اس برف کو جمع رکھتے ہیں۔ پھر جب گرمیوں میں تیز دھوپ پڑتی ہے تو یہ برف پگھل کر ہزاروں ندی، نالوں کی صورت میں ہمارے دریاؤں میں آتی ہے، جھیلیں بھر جاتی ہیں اور ندیاں نہریں جاری ہو جاتی ہیں۔ ان کی مدد سے بجلی پیدا کرنے والے جنریٹر زور و شور سے کام کرنے لگتے ہیں اور ہمارے گھروں میں، بازاروں میں اور کارخانوں میں بجلی پہنچتی ہے۔ انہیں کا بھیجا ہوا پانی نہروں کے ذریعے کھیتوں تک پہنچتا ہے، فصلیں لہلہاتی ہیں، سبزیاں اور پھل اگتے ہیں۔ اِن پہاڑوں کا حسن خود بھی ہماری قومی دولت ہے۔ ہزاروں لوگ ان پہاڑوں اور وادیوں کو دیکھنے آتے ہیں۔

صرف اتنا ہی نہیں ان پہاڑوں کے جنگلات سے ہمیں لکڑی ملتی ہے۔ یہ جڑی بوٹیاں پیدا کرتے ہیں جن سے دوائیاں بنتی ہیں۔ کئی طرح کی گوند، شہد، میوے، کاغذ اور ایسی بہت سی چیزیں ہمیں انہیں درختوں کی بدولت ملتی ہیں۔ یہ درخت ایک کام اور بھی کرتے ہیں، جب برسات میں پانی بہت زیادہ برستا ہے تو یہ اپنی جڑوں سے بہت سا پانی کھینچ لیتے ہیں تاکہ سیلاب نہ آئے۔ پھر بھی سیلاب اسی لیے آتے ہیں کیوں کہ نادان انسانوں نے بے دردی سے بہت سے درخت کاٹ پھینکے ہیں۔ جنگلات اس لیے ہی کم ہوگئے ہیں۔ اسی لیے زیادہ درخت اگانے کی تاکید کی جاتی ہے کیوں کہ پہاڑ بھی ہماری بڑی دولت اور زندگی کا سہارا ہیں اور درخت بھی۔

ا۔ پہاڑوں کی برف سے ڈھکی چوٹیاں ہمارے کس کام آتی ہیں؟ (/۳)

Sample Paper

۲۔ جنگلات سے ہمیں کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں؟ (/۳)

۳۔ درخت سیلاب کو روکنے میں کیا اہم کردار ادا کرتے ہیں؟ (/۲)

۴۔ لوگ گھومنے کے لیے پہاڑوں اور وادیوں کی طرف کیوں جاتے ہیں؟ (/۲)

سوال نمبر ۳۔ مندرجہ ذیل صورتِ حال پر ۷۵ سے ۱۰۰ الفاظ پر مشتمل مکالمہ تحریر کیجیے۔ (/۱۰)

قلم اور کتاب کے درمیان دلچسپ مکالمہ لکھیے۔ قلم اپنی اہمیت اور کتاب اپنے فوائد بیان کر رہی ہو۔

Sample Paper

حاصل کردہ نمبر		
مواد-صورت حال میں رہتے ہوئے لکھنا	۵	
املا	۱.۵	
قواعد	۱.۵	
خوشخطی	۱	
خاکہ /رموز واوقاف	۱	
کل نمبر	۱۰	

Sample Paper